داڑھی میں وائٹ ہیرز کو ڈائی (Dye)کرنا کیسا؟

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میری داڑھی میں چند پریمی چور وائٹ بال ہیں اور میری اگلے ماہ شادی ہے تو کیا میں ان کو کلر کرسکتا ہوں تا کہ وہ زیادہ نظر نہ آئیں ۔

سائل:محمود (انگلینڈ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

آپ داڑھی کے بالوں پر زرد(Orange)، پیلا(Yellow) یا زعفرانی(Saffron) یا براؤن کلر(Brown Colour)کرسکتے ہیں مگر بلیک کلر(Black colour) کرنا ممنوع ہے ۔

صحیح مسلم شریف کی حدیث میں ہے :"غَیِّرُوْا ھٰذَا بِشَیْ ءٍ وَاجْتَنِبُوْا السَّوَادَ"اس سپیدی کو بدل دو اور سیاہی کے پاس نہ جاؤ۔

(صحیح مسلم،کتاب الزینۃ،باب استحباب الخضاب الشیب بصفرۃ،الحدیث۲۱۰۲،ص۱۱۶۴)

سننِ نسائی شریف کی حدیث میں ہے :"یَاتِیْ نَاسٌ یَخْضَبُوْنَ بِالسَّوَادِ کَحَواصِلِ الْحَمَامِ لَایُرِیْحُوْنَ رَائِحَۃَ الْجَنَّۃِ"کچھ(لوگ) آئیں گے کہ سیاہ خضاب کریں گے جیسے جنگلی کبوتر وں کے نیلگوں پوٹے وہ جنت کی بُو نہ سونگھیں گے ۔

(سنن نسائی،کتاب الزینۃ،باب النھی عن الخضاب بالسواد،ج۸،ص۱۳۸)

اور مجمع الزوائد میں ہے :"مَنِ خَضَّبَ بِالسَّوَادِ سَوَّدَ اللہُ وَجْھَہ، یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ"جو سیاہ خضاب کرے اللہ تعالیٰ روزِ قیامت اس کا منہ کالا کریگا ۔

(مجمع الزوائد، کتاب اللباس، باب ما جاء فی الشیب ، حدیث۸۸۱۴، ج۵، ص۲۹۳)

وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Date:12 -02-2019

How is to dye the white hairs on one's beard?

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

QUESTION:

What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: There are some premature white hairs on my beard, and - Allāh willing - my wedding is in the following month, so am I allowed to dye them so that they don't stand out as much?

Questioner: Mahmood from England, U.K.

ANSWER:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

You may apply orange, yellow, saffron or brown colouring to your beard, however one is prevented from colouring it black.

It is stated in a Hadīth of the renowned Sahīh Muslim,

"غَيِّرُوا هذا بشیٍ واجْتَنِبُوْا السوادَ"

"Change it with something (i.e. red henna) and avoid black."

[Sahīh Muslim, p. 1164, Hadīth no. 2102]

Moreover, it is stated in a Hadīth of the respected Sunan Nasā'ī,

"يَاتِیْ نَاسٌ يَخْضَبُوْنَ بِالسَّوَادِ كَحَواصِلِ الْحَمَامِ لَايُرِيْحُوْنَ رَائِحَۃَ الْجَنَّۃِ"

"There will be some (people) who will dye their hair black like the chests of pigeons at the end of time, but they will not even smell the fragrance of Paradise."

[Sunan Nasā'ī, vol. 8, p. 138]

It has also been mentioned in Majma' al-Zawā'id [that the Noble Prophet ﷺ stated],

مَنْ خَضَّبَ بِالسَّوَادِ سَوَّدَ اللہُ وَجْھَہ، يَوْمَ الْقِیٰمَۃِ

"Whosoever dyes his hair black, Allāh [Almighty] will darken his face on the Day of Judgement."

[Majma' al-Zawā'id, vol. 5, p. 293, Hadīth no. 8814]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri
Translated by Haider Ali